# مفصل معلومات برائے انسولین

## مریضوں واہلِ خانہ کے لیے ہدایات



یہ کتابچہ انسولین کے بارے میں جامع معلومات و ہدایات فراہم کرتا ہے۔
اسے مریضوں کی جانب سے عام طور پر پوچھے جانے والے سوالات کے مدنظر تیار کیا گیا ہے۔

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984;
Registered Office: Stadium Road, P. O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan

## انسولین کیا ہے؟

- انسولین لبلبے میں تیار ہونے والا ایک ہارمون ہے
- توانائی پیدا کرنے کے لیے یہ خون سے گلوکوز خلیات میں لے کر جاتا ہے
- خون میں شکر کی مقدار کم کرتا ہے

## انسولین کی مختلف اقسام کیا ہیں؟

- ریپڈ ایکٹنگ: نسپورو
- شارٹ ایکٹنگ: ریگولر
- انٹرمیڈیٹ: نینٹی، این پی ایچ
- لانگ ایکٹنگ: الٹرالینٹی، گلیرگائن
- پری مکسڈ انسولین: 70/30

## انسولین کو کس طرح اسٹور کیا جائے؟

- انسولین کی کھلی ہوئی شیشیاں 2° سے 30° سینٹی گریڈ کے درمیان 28 گھنٹوں تک اسٹور کی جاسکتی ہیں۔
- انسولین کی بند شیشیاں ایکسپائر ڈیٹ تک فریج میں اسٹور کی جاسکتی ہیں۔
- انسولین کے پینز (Pens) کو کمرے کے درجہ حرارت پر اسٹور کریں۔

## انسولین کی ڈوز متعدد فیکٹرز کی بنیاد پر تبدیل ہوسکتی ہے:

1 خون میں موجود گلوکوز
2 غذا
3 جسمانی سرگرمیوں کی شرح
4 عمر
5 جسم کا وزن
6 انسولین ریزسٹینس

## انسولین کی دستیاب سرنجوں کی اقسام:

قابل اتلاف 100 یونٹس




# انسولین کے انجکشن کس طرح تیار کریں؟

## سرنج اینڈ وائل میتھڈ

### سپلائیز

- انسولین کی شیشیاں
- انسولین کی سرنج
- الکوحل وائپ (استعمال کرنا بہتر ہے)
- شیشے کی کرچیاں رکھنے کا برتن (کھلے منہ والی بوتل)



## 1۔ پری مکسڈ (70/30 یا NPH) انسولین کا طریق کار

1 ہاتھ دھوئیں



2 انسولین کی دودھیا شیشی میں موجود سیال کو مکس کرنے کے لیے شیشی کو ہتھیلیوں کے درمیان رکھ کر آگے پیچھے حرکت دیں



3 انسولین کی شیشی کو الکوحل میں بھیگے پھاہے سے صاف کریں



4 انجکشن کا پلنجر استعمال کے لیے باہر تک کھینچ لیں



5 انجکشن کے ذریعے بوتل میں ہوا بھریں



6 درکار ڈوز انجکشن میں کھینچ لیں

7 انجکشن میں موجود ہوا کے بلبلے نکال دیں






## 2 دو شیشیوں میں موجود انسولین کو مکس کرنا

- انجکشن کا پلنجر استعمال کے لیے باہر تک کھینچ لیں
- انجکشن کے ذریعے بوتل میں ہوا بھریں
- انجکشن کو پہلے ریگولر یا سادہ انسولین سے بھریں
- ہوا کے بلبلے نکال دیں

## انسولین کا انجکشن لگانے کے مقامات



## انجکشن لگانے کا طریقہ



- انجکشن لگانے کی جگہ کو پانی یا الکوحل میں بھیگے پھاہے سے صاف کریں



- مقررہ جگہ چٹکی میں دبائیں



- سرنج کو نوے درجے کے زاویے پر رکھ کر انسولین جسم میں انجیکٹ کریں



- سوئی جسم میں 10 سیکنڈ تک داخل رکھیں



- سرنج سیدھی جسم سے باہر کھینچ لیں

- جگہ کو الکوحل والے پھاہے سے صاف کریں
- انجکشن والی جگہ کو مسلیں نہیں
- سرنج کو باقاعدہ طور پر تلف کریں

## 3 پری فلڈ پینز (Prefilled Pens)

### سپلائیز



- انسولین کی قسم کی تصدیق کریں
- پین ڈیوائس (کارٹریج کے ساتھ)
- پین کی سوئی
- الکوحل وائپ
- کرچیاں رکھنے کا برتن

### طریقہ کار



- تمام چیزیں ایک جگہ رکھیں
- ہاتھ دھوئیں
- پین کی سوئی کو گھما کر لگائیں
- اس بات کی تسلی کرلیں کہ پین صفر کے نشان پر ہو۔
- درکار مقدار سیٹ کریں
- انجکشن لگانے کی جگہ کا تعین کریں
- انجکشن لگانے کی جگہ کو صاف کرلیں۔
- مقررہ جگہ چٹکی میں پکڑیں
- سوئی کو 90 درجے کے زاویے پر جسم میں داخل کریں
- چٹکی کھول دیں
- پلنجر کو اندر دھکیلیں
- دس تک گنیں
- پین کی سوئی کو علیحدہ کریں اور تلف کردیں۔

### مزید رہنمائی اور معلومات کے لئے رجوع کریں:


ڈائیبیٹس کلینک
پیر سے جمعہ: صبح آٹھ بجے سے شام پانچ بجے
اور ہفتہ صبح آٹھ بجے سے دوپہر بارہ بجے
آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
فون: 134930051 ایکسٹینشن: 5755

ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ
24 گھنٹے
آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
فون: 134930051 ایکسٹینشن: 91-1090
پٹی کے لیے: کمیونٹی ہیلتھ سینٹر، ایکسٹینشن: 1491



ICN # S216628
July 2018